سوال

(54)کیا نماز جمعہ صلوٰۃ خمسہ فریضہ میں سے ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا نماز جمعہ صلوٰۃ خمسہ فریضہ میں سے ہے۔ یا علیحدہ مستقل نماز، اس کی وجہ کسی صحیح حدیث سے ثابت کرو؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مشکوٰۃ میں حدیث ہے کہ رات دن میں پانچ ہی نمازیں فرض ہیں۔ اس سے صاف ثابت ہوتا ہے کہ جمعہ پانچ نمازوں میں سے ایک ہے۔ ورنہ لازم آئے گا کہ جمعہ کے دن چھ نمازیں فرض ہیں۔

[فتاویٰ علمائے حدیث]

جلد 04 ص 132

محدث فتویٰ